**18.03.2026**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں............ نیکیتا تیاگی

**Music**

.............................................................................

☆ مرکزی کابینہ نے ملک بھر میں سو **Plug-and-Play** صنعتی پارکس کی تعمیر کیلئے 33ہزار 660 کروڑ روپے کی مختص رقم کے ساتھ **Bharat Audyogik Vikas** یوجنا کو منظوری دے دی ہے۔

☆ حکومت نے کپاس سیزن 2023-24 کیلئے بھارتی کپاس کارپوریشن کو ایک ہزار 700 کروڑ روپے سے زیادہ کی **MSP** فنڈنگ کو بھی منظوری دی ہے۔

☆ مرکز نے پائپ کے ذریعے قدرتی گیس کی فراہمی میں مدد کیلئے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو اضافی دس فیصد کمرشیل **LPG** کی پیشکش کی ہے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی اور کویت کے ولیعہد شہزادے نے مغربی ایشیا صورتحال پر بات چیت کی ہے۔ اُنہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ آبنائے ہُرمز کے راستے محفوظ اور آزادانہ نقل وحمل کو یقینی بنانا اوّلین ترجیح ہے۔

☆ اسرائیل نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے خفیہ محکمے کے وزیر اسماعیل خطیب رات بھر کے حملے میں ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ اور ...... بیڈمنٹن میں فرانس میں آیوش شیٹی، تنوی شرما، مالیکا بنسوڑ اور انمول **Kharb**، **Orleans Masters** کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

.............................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**Cabinet Briefing**

مرکزی کابینہ نے ملک میں 33 ہزار 660 کروڑ روپے کے بجٹ سے 100 پلگ اینڈ پلے صنعتی پارکس قائم کرنے کیلئے بھارت ادیوگِک وکاس یوجنا **BHAVYA** کی منظوری دی ہے۔ نئی دلّی میں کابینہ میٹنگ کے بعد صحافیوں کو جانکاری فراہم

کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اس اسکیم کا مقصد عالمی معیار کا صنعتی ڈھانچہ تیار کرنا، مینوفیکچرنگ کی صلاحیت کو فروغ دینا اور ملک کی اقتصادی ترقی کو تیز کرنا ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ کسانوں کی فلاح و بہبود کو بہتر بنانے اور آتم نربھر بھارت کے نظریے کو آگے بڑھانے کی خاطر حکومت نے کپاس سیزن **2023-24** کیلئے کاٹن کارپوریشن آف انڈیا کو کم سے کم امدادی قیمت **MSP** کے تحت ایک ہزار **718** کروڑ روپے سے زیادہ کے فنڈ کی منظوری دی ہے۔

وزیر موصوف نے کہا کہ کابینہ نے **2026-27** سے **2030-31** تک کی مدت کیلئے چھوٹے پن بجلی کی ترقی کی اسکیم کی بھی منظوری دی ہے، جس کے لیے **2** ہزار **584** کروڑ روپے سے زیادہ کے اخراجات سے تقریباً ایک ہزار **500** میگاواٹ صلاحیت کے چھوٹے پن بجلی پروجیکٹس قائم کیے جائیں گے۔

جناب اشونی ویشنو نے مزید کہا کہ کابینہ نے اتر پردیش میں بارہ بنکی سے بہرائچ تک **101** کلومیٹر طویل چار لین والی قومی شاہراہ **-927** کی تعمیر کی بھی منظوری دی ہے، جس پر **6** ہزار **969** کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت آئے گی۔

**S/B: Ashwini Vaishnav**

**Rev. MINISTERAL BRIEFING**

حکومت نے یقین دلایا ہے کہ ملک میں خام تیل کی دستیابی معمول کے مطابق ہے اور ریفائنریز پوری صلاحیت کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔ پٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت کی جوائنٹ سکریٹری سجاتا شرما نے یہ بات آج سہ پہر نئی دلّی میں مغربی ایشیا کے موجودہ حالات و واقعات پر ایک بین وزارتی بریفنگ کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں **LPG** کی گھریلو پیداوار میں **40** فیصد کا اضافہ ہوا ہے اور ملک بھر میں کسی بھی خردہ دکان پر گیس کی قلت کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ محترمہ شرما نے بتایا کہ حکومت نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو کمرشیل **LPG** کی **10** فیصد اضافی فراہمی کی پیشکش کی ہے، بشرطیکہ ان کی طرف سے طویل مدتی طور پر **LPG** سے **PNG** کی طرف منتقلی کے عمل میں تعاون کیا جائے۔

انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نے بڑے شہروں اور شہری علاقوں میں کمرشیل **LPG** صارفین سے **PNG** کے استعمال پر بھی زور دیا ہے۔

**S/B: Sujata Sharma**

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کی وزارت کے خصوصی سیکریٹری راجیش کمار سنہا نے کہا کہ تمام بھارتی جہاز محفوظ ہیں اور کسی بھی قسم کے واقعے کی اطلاع نہیں ملی ہے۔ گزشتہ **24** گھنٹے کے دوران مختلف بندرگاہوں سے **25** بھارتی شہریوں کو وطن واپس لایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ **24** گھنٹے کام کرنے والے کنٹرول روم کو **125** کالز اور تقریباً **450** ای میلز موصول ہوئے، جن کا فوری طور پر جواب دیا گیا۔

جناب سنہا نے بتایا کہا کہ **LPG** لانے والے جہاز 'شیوالک' اور 'نندا دیوی' ضروریات کے مطابق سامان اتار رہے ہیں، جبکہ جہازوں کے کام کاج میں تعاون فراہم کرنے کیلئے وشاکھاپٹنم بندرگاہ پر اضافی **2** ہزار **500** مربع میٹر جگہ فراہم کی گئی ہے۔ خصوصی سکریٹری نے کہا کہ وزارت، جہازوں کی آمد و رفت، ملاحوں کی فلاح و بہبود اور مجموعی سمندری تجارت کی نگرانی جاری رکھے ہوئے ہے۔

**S/B: Rajesh Kumar Sinha**

اس سے پہلے دن میں، '**Jag Laadki**' نامی ایک بڑا بھارتی جہاز گجرات کی مُندرا بندرگاہ پر لنگر انداز ہوا، جو متحدہ عرب امارات سے تقریباً **81** ہزار میٹرک ٹن اعلیٰ معیار کا تیل لے کر آیا ہے۔ اس سے پہلے 'شیوالک' مُندرا اور 'نندا دیوی'

Vadinar بندرگاہ پر پہنچ چکے ہیں۔

وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے کل متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان سے مغربی ایشیا کی صورتحال پر بات چیت کی۔ وزیر اعظم مودی نے متحدہ عرب امارات پر حملوں کی سخت مذمت کی، جن میں بے گناہ شہریوں کی ہلاکتیں ہوئیں اور شہری بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا۔x

**RS Farewell**

آج راجیہ سبھا نے 9 خواتین سمیت 20 ریاستوں کے 59 ارکان کو الوداع کہا، جو اِس سال اپریل سے جون میں ریٹائر ہونے والے ہیں۔ اِس موقع پر ایوان سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہاکہ پارلیمانی جمہوریت میں اُن کے تعاون کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وزیراعظم مودی نے اچ-ڈی-دیوے گوڑا، ملکا ارجن کھڑگے اور شردپوار کا ذکر کیا اور ایوان میں اُن کے قابل قدر تعاون کو اُجاگر کیا۔

**S/B: PM Open University 29 Secs**

راجیہ سبھا کے مختلف ارکانِ پارلیمنٹ نے اپنے خطاب میں حکومت پر اِس بات کیلئے زور دیا کہ وہ پارلیمنٹ کے کام کاج کے اوقات میں اضافہ کرے، تاکہ عام شہری سے متعلق معاملات پر توجہ دی جاسکے اور اُس کی کارکردگی بڑھ سکے۔ اُنہوں نے پارلیمنٹ میں زیادہ حاضری کے سلسلے میں اپنے مطالبات بھی داخل کئے۔ ارکان کو الوداع کہے جانے کے بعد ایوانِ بالا کی کارروائی پیر تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔x

**Prez Gudu Padava**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج، Chaitra Sukladi ، Ugadi ، Gudi Padava ، Cheti Chand ، Navreh اور Sajibu Cheiraoba کیلئے عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ یہ تہوار بھارتی نئے سال اور موسمِ بہار کی آمد کا جشن مناتے ہیں۔

اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ نئے سال پر ان تہواروں کا جشن ملک کے مالا مال ثقافتی تنوع کی علامت ہے اور قدرت کے ساتھ رابطے کو مضبوط کرتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ تہوار ملک کی مختلف برادیوں کے بیچ اتحاد کو محبت اور ہم آہنگی کے ذریعے فروغ دیتے ہیں اور لوگوں کیلئے خوشی، خوشحالی اور بہبود کا ذریعے ہوتے ہیں۔x

**PM Kuwait Prince**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کویت کے ولیعہد شہزادے شیخ صباح الخالد الحمد المبارک الصباح سے ٹیلی فون پر بات چیت کی اور اُنہیں عید کی مبارکباد پیش کی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے کہاکہ بات چیت کے دوران دونوں رہنماؤں نے مغربی ایشیا کی صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا اور حالیہ واقعات پر تشویش کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے کویت کے اقتدارِ اعلیٰ اور علاقائی سالمیت پر حملوں کے سلسلے میں بھارت کی جانب سے مذمت کئے جانے کا اعادہ کیا۔ اُنہوں نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ آبنائے ہُرمز کے راستے محفوظ اور آزادانہ نقل وحمل کو یقینی بنانا مسلسل اوّلین ترجیح ہے۔ طرفین نے اِس بات سے اتفاق کیا کہ علاقائی امن واستحکام برقرار رکھنے کیلئے مسلسل سفارتی رابطے لازمی ہیں۔

وزیراعظم نے کویت میں بھارتی برادری کی سلامتی اور خیروعافیت کیلئے اُن کی مکمل حمایت کی خاطر ولیعہد شہزادے کا شکریہ ادا کیا۔x

## Israel Esmail Khatib Killed

اسرائیل کے وزیر دفاع **Israel Katz** نے آج دعویٰ کیا ہے کہ اسرائیلی فوج نے ایران کے انٹیلیجنس کے وزیر اسماعیل خطیب کو ہلاک کر دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دن بھر تمام محاذوں پر بڑے پیمانے پر حملوں کا امکان ہے، حالانکہ انہوں نے اس حوالے سے مزید تفصیلات نہیں بتائیں۔
اسماعیل خطیب کی مبینہ ہلاکت اسرائیل کی جانب سے اعلیٰ سلامتی اہلکار علی لاریجانی اور بسیج پیراملٹری دستے کے کمانڈر غلام رضا سلیمانی کو ہلاک کرنے کے بعد سامنے آئی ہے۔ **x**

## West Asia Tensions

گزشتہ کچھ گھنٹوں میں مغربی ایشیا میں محاذ آرائی کی صورتحال مزید کشیدہ ہوگئی ہے اور ایران نے خلیج کے خطے میں اہم تیل اور گیس کے بنیادی ڈھانچے کو خالی کرنے کے سلسلے میں وارننگ جاری کی ہے۔ ایران کے سرکاری میڈیا نے سکیورٹی سے وابستہ ایران کی سرکردہ شخصیات کی اسرائیلی حملوں میں ہلاکت کے پیش نظر سعودی عرب، قطر اور **UAE** کے مراکز کو نشانہ بنائے جانے کے امکانی ہدف قرار دیا ہے۔ اسرائیل کے وزیر خارجہ نے بحری سلامتی کے سلسلے میں یہ کہتے ہوئے امکانی تبدیلی کا اشارہ دیا ہے کہ آبنائے ہُرمز میں ایک نئے طریقۂ کار کی ضرورت ہے، جس سے توانائی کے عالمی راستے کے حوالے سے تشویش میں اضافہ ہوگیا ہے۔x

## Iran Gas Field Attacked

ایران کی سرکاری میڈیا نے خبر دی ہے کہ ساحل سے دور ملک کے اہم **South Pars** گیس فیلڈ کی تنصیبات پر آج حملہ کیا گیا۔ سرکاری ٹیلیویژن اور سرکاری نیوز ایجنسی، دونوں نے کہا ہے کہ ایران کے جنوبی **Bushehr** صوبے کے **Asaluyeh** میں واقع تنصیبات کو نشانہ بناکر حملہ کیا گیا۔ تاہم فوری طور پر مزید تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں۔ **South Pars**، دنیا کا سب سے بڑا قدرتی گیس فیلڈ ہے، جس پر قطر اور ایران دونوں کام کر رہے ہیں۔ ابھی یہ واضح نہیں ہے کہ تازہ حملہ اسرائیل نے کیا ہے یا امریکہ کی طرف سے کیا گیا ہے۔ تاہم امریکہ، جنوبی ایران میں سرگرم رہا ہے۔ اِس سے پہلے امریکہ نے خلیجِ فارس میں واقع ایران کے اہم تیل ٹرمنل **Kharg** جزیرے پر بھی حملہ کیا تھا۔ **x**

## DGCA MOCA Directions

حکومت نے ایئر لائنز کو ہدایت دی ہے کہ وہ مسافروں کو آسان رسائی فراہم کرنے کیلئے ہر پرواز میں بغیر کسی اضافی چارج کے کم سے کم **60** فیصد سیٹیں مختص کریں۔ شہری ہوا بازی کی وزارت نے آج شہری ہوا بازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل کی جانب سے ہدایات جاری کیں، تاکہ مسافروں کی سہولت، شفافیت اور ایئر لائنز کے کام کاج کے طریقۂ کار میں یکسانیت کو بہتر بنایا جاسکے۔ وزارت نے یہ بھی ہدایت دی کہ ایک ہی **PNR** پر سفر کرنے والے مسافروں کو ترجیحی طور پر ایک ساتھ یا قریب کی سیٹوں پر جگہ دی جائے۔ اِس میں مزید کہا گیا ہے کہ کھیلوں کے ساز و سامان اور موسیقی کے آلات کے لے جانے کو شفاف اور مسافر دوست انداز میں آسان بنایا جائے۔
ایئر لائنز کو پالتو جانوروں کو لے جانے کیلئے بھی واضح اور شفاف پالیسیاں وضع کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ حکومت نے یہ بھی تاکید کی ہے کہ خاص طور پر پروازوں میں تاخیر، پرواز کی منسوخی اور بورڈنگ سے انکار کے معاملات میں مسافروں کے حقوق

کے فریم ورک پر سختی سے عمل کیا جائے۔x

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمہ **IMD** نے کل ہماچل پردیش، جموں وکشمیر، لداخ اور اتراکھنڈ میں کہیں کہیں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ وسطی مہاراشٹر، اوڈیشہ، پنجاب، راجستھان اور مغربی اترپردیش میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور ژالہ باری ہونے کا امکان ہے۔ چھتیس گڑھ، مشرقی مدھیہ پردیش، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی اور ہماچل پردیش میں بھی کہیں کہیں کل اِسی طرح کا موسم رہ سکتا ہے۔ آج قومی راجدھانی میں شام کے وقت ہلکی سے اوسط بارش ہوئی، جس سے حال ہی میں درجۂ حرارت میں اضافے سے راحت ملی۔×

**Rev Badminton**

بیڈمنٹن میں فرانس میں **Palais des Sports** میں **Orleans Marters** میں آج بھارت کے آیوش شیٹی اور انمول کھرب پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

مردوں کے سنگلز میں، آیوش نے ہم وطن کرن جارج کو شکست دی۔ حالانکہ ، **Kidambi Srikanth** ڈنمارک کے **Magnus Johannesen** سے **12-21**، **10-21** سے ہار گئے۔

خواتین کے سنگلز میں، انمول کھرب، تنوی شرما اور مالوِکا بنسوڑ پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئیں ہیں۔

انموں نے ترکیہ کی **Neslihan Arin** کو **21-12**، **21-16** سے شکست دی۔ تنوی نے تھائی لینڈ کی کھلاڑی **Supanida Katethong** کو **21-18**، **14-12** جبکہ مالوکا نے چینی **Taipei** کی **S.Y.Sung** کو **21-18**، **21-14** سے ہرایا۔

مردوں کے ڈبلز مقابلے میں، بھارت کے **Arjun Madathil Ramachandran** اور **Hariharan Amsakarunan** بھی پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔×

☆☆☆☆☆